میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ تین انگلیوں سے کھانا کھایا کرتے تھے اور جب کھانے سے فارغ ہوتے تو انھیں چاٹ لیا کرتے تھے

کعب ابن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہیں بیان کرتے ہیں کہ: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ تین انگلیوں سے کھانا کھایا کرتے تھے اور جب کھانے سے فارغ ہوتے تو انھیں چاٹ لیا کرتے تھے
[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے]

نبی ﷺ تین انگلیوں سے کھانا تناول فرمایا کرتے تھے یہ تین انگلیاں درمیانی انگلی، شہادت کی انگلی اور انگوٹھا ہوتا تھا اس طرح سے کھانا للچائی ہوئی انداز میں نے کھانے کی دلیل ہے جب آپ ﷺ کھانے سے فارغ ہو جاتے تو اپنی انگلیوں کو چاٹ لیا کرتے تھے چنانچہ مستحب ہے کہ تین انگلیوں سے کھایا جائے سوائے اس کے کہ کھانا ایسا ہو جسے تین انگلیوں سے کھانا ممکن نہ ہو اس صورت میں ویسے کھایا جائے جیسے سہولت ہو

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/4298